مستحصلہ

قادر الکلام

مصنف خالد اسحاق راٹھور
ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات
ماہر نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات

رابطہ : مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ،
گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان- فون: 6374864

فہرست مضامین

پیش لفظ

علوم مخفی کا کوئی بھی شائق جہاں تلاش حق میں مختلف علوم سے واقفیت اور ان کے حصول کی کوشش کرتا ہے وہاں علم جفر سے لاتعلق کیسے رہ سکتا ہے۔ جب کہ اس کا چرچا ہر ایک فرد کی زبان پر ہے۔

یوں تو اس وقت علم جفر کے لاتعداد قواعد ملتے ہیں۔ تاہم اس کو بلحاظ اقسام مندرجہ ذیل چھ حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:۔

یوں تو اس وقت علم جفر کے لاتعداد قواعد ملتے ہیں۔ تاہم اس کو بلحاظ اقسام

1۔ جفر جامع۔

2۔ جفر کبیر۔

3۔ جفر لدنی۔

4۔ جفر خافیہ۔

5۔ جفر اسود۔

6۔ جفر احمر۔

کتاب ہذا میں ایک آزمودہ جفری قاعدہ "مستحصلہ قادر الکلام" بلا بخل بمعہ مثال تحریر کر رہا ہوں۔ امید کامل ہے حقیقی جفری متلاشی افراد کی مراد بر آئے گی اور اس قاعدے کی مدد سے وہ

سوالات کے جوابات کچھ مہارت کے بعد باسانی استخراج کرنے پر قادر ہو جائیں۔ بشرطیکہ وہ توجہ سے اس قاعدے کے اصولوں پر حاوی ہونے کی کوشش کریں۔ مسلسل اس کو اپنے تجربے میں رکھیں جلد ہی اس کے اسرار ان پر واضح ہوں گے۔

قاعدہ مکمل وضاحت کے ساتھ آپ کے سامنے ہے۔ آپ میری تحریر میں کوئی رمز یا اشارہ کنایہ نہ پائیں گے۔ جو کچھ اس قاعدے کے بارے میں میرے تجربے اور علم میں تھا اس کو میں نے بیان کر دیا ہے اور یہ میرا دعویٰ ہے کہ آج تک یہ کبھی بھی کتابی شکل میں شائع نہ ہوا ہے۔ اس قاعدے سے آپ کس حد تک فائدہ اٹھاتے ہیں یہ آپ پر منحصر ہے۔ تاہم میرا مشورہ یہ ہے کہ چند ماہ مسلسل اس کو اپنے تجربے میں رکھیں اور کم از کم چالیس سوال اس سے حل کر کے دیکھیں۔ انشاء اللہ آپ اس پر حاوی ہو جائیں گے۔ ایک بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ یہ ایک عربی مستحصلہ ہے جس کے قواعد کو اردو میں منتقل کیا گیا ہے۔ اگر آپ عربی یا فارسی میں جواب حاصل کرنا چاہیں تو اس ہی زبان میں قواعد کے مطابق مستحصلہ حل کریں۔ مزید کسی جدول یا تبدیلی قواعد کی ضرورت نہیں۔

دعاگو

خالد اسحٰق راٹھور

مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر نزد جامعہ نعیمیہ

گڑھی شاہو، لاہور۔ پاکستان۔ فون نمبر 6374864

مقاصد تحریر

یہ کتاب تحریر کرتے ہوئے میرے سامنے مندرجہ ذیل مقاصد تھے۔

اول : علم جفر کا تعارف

دوم : علم جفر کے قواعد و اصطلاحات کا جامع بیان

سوم : مستحصلہ قادر الکلام کی مکمل تشریح۔ یہ قاعدہ میرے ذاتی استعمال میں عرصہ دراز سے ہے اور آج تک شائع نہیں ہوا۔

چہارم : جفری قواعد کا بیان

مجھے یقین ہے کہ مندرجہ بالا خوبیوں کے ساتھ یہ کتاب علم جفر کے مبتدی، طالب اور ماہر کی ہر ایک ضرورت پوری کرے گی۔ مستحصلہ قادر الکلام ہے، سینہ بہ سینہ سفر کرنے والا ایک راز اور ایک نہایت اعلیٰ درجے کا قاعدہ ہے۔ اس کو سمجھنے اور اس سے سوالوں کے جواب اخذ کرنے کے لئے اس درجہ کی ذہنی اور روحانی صلاحیتوں کی بھی ضرورت ہے۔ سو براہ راست مستحصلہ کو بیان کرنے

کی بجائے پہلے آپ کو اس کے لئے تیار کرنا ضروری ہے۔ آپ کی ذہنی اور روحانی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے' وجدان اور متفرق قوتوں کے ارتکاز کے واسطے آپ کو مرحلہ وار مستحملہ قادر الکلام کے بیان کی طرف لے جایا جائے گا۔

صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ جلد بازی کی بجائے آپ ان ابتدائی امور کو ذہن نشین کریں۔ پھر ہی مستحملہ قادر الکلام پر قادر ہو سکیں گے۔ میری دعا آپ کے ساتھ ہے۔

جفر کو جاننے والے جہاں تعداد میں بہت کم ہیں' وہاں اس کو تعلیم دینے والے نہ ہونے کے برابر ہیں۔ عموماً لوگ اس کو خاندانی طور پر بھی تعلیم دیتے ہیں۔ یعنی باپ سے بیٹا۔۔ لیکن میں نے جہاں دوسرے مخفی علوم یعنی نجوم' پامسٹری' اعداد' عملیات اور ساعات وغیرہ کو اپنے سینے اور قبر کا راز نہ بنانے کا ارادہ کیا اور ان کی تعلیم کو خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز' لاہور کے ذریعے عام کیا۔ وہاں علم جفر کے سلسلے میں بخل سے کام لینے کو بھی دل نہ چاہا۔ یہی وجہ ہے کہ یہ صفحات آج آپ کی آنکھوں کی روشنی کا باعث بن رہے ہیں۔

علم جفر

علم جفر کیا ہے ؟ حرفی و عددی قوتوں سے ایک خاص انداز میں نتیجہ اخذ کرنا دراصل علم جفر کی بنیاد ہے۔

علم جفر سے مراد ایک ایسا علم لیا جاتا ہے۔ جس سے مندرجہ بالا اصول کے تحت انسان کے ماضی' حال اور مستقبل کے بارے میں احکام بیان کئے جا سکیں۔

علم جفر میں حروف کے ساتھ ساتھ اعداد اس قدر کثرت سے استعمال ہوئے ہیں کہ بعض اوقات اس کو علم اعداد کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

صرف اعداد ہی نہیں اعداد کے علاوہ علم نجوم سے بھی علم جفر کا گہرا تعلق ہے۔ گو جفار حضرات کا ایک طبقہ اس نظریے کا مخالف ہے۔ تاہم بغدادی وغیرہ جیسے ماہرین اس نظریے کے شدت سے حامی ہیں۔

تاہم اس بحث سے قطع نظر علم جفر کے بارے میں چند ابتدائی معلومات آپ کے علم میں اضافے کے لئے دی جا رہی ہیں۔

علم جفر کیا ہے؟

ابھی اس سوال کا جواب مکمل نہیں ہوا۔ سو سن لیں۔

جہاں تک اس کے لغوی معنی کا تعلق ہے۔ "جفر" کا مفہوم بکری یا بیل کی کھال لیا جاتا ہے۔ لیکن اس کا معنی یہ نہیں کہ یہ "بکری یا بیل کی کھال کا علم" ہے۔ بلکہ اس کے پیچھے منطق یہ ہے کہ ابتداء میں اس علم کے قواعد بکری یا بیل کی کھال پر تحریر کروائے گئے تھے۔ سو یہ علم جفر کہلانے لگا۔ اس بارے میں مزید بحث یہاں نہیں کرنا چاہتا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس بارے میں جو بھی طویل طویل بحثیں کی جاتی ہیں۔ وہ کسی سند کے بغیر ہیں۔

بہر حال مستقبل میں اس سلسلے میں اگر کوئی واضح اور مستند معلومات سامنے آئیں تو اس کتاب میں شامل کر لیا جائے گا۔

قارئین اس سلسلے میں میری مدد اور راہنمائی کر سکیں تو مجھے خوشی ہو گی۔

علم جفر کی اقسام یوں تو اس وقت علم جفر کے لاتعداد قواعد اور طریقے ملتے ہیں۔ تاہم علم جفر کو بلحاظ اقسام مندرجہ ذیل چھ اہم حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

1۔ جفر جامع
2۔ جفر کبیر
3۔ جفر لدنی
4۔ جفر خافیہ
5۔ جفر اسود
6۔ جفر احمر

(1) **جفر جامع** : جفر جامع اور جفر کبیر علم جفر کے دو نادر ہیرے ہیں۔ جفر جامع سے احکام اخذ کرنے کے لئے ایک کتاب عامل خود تحریر کرتا ہے۔ جس کے:۔

اٹھائیس منازل قمر کی مناسبت سے اٹھائیس جز ہوتے ہیں۔
اور ہر جز میں اٹھائیس صفحے ہوتے ہیں۔
اور ہر صفحہ پر اٹھائیس کالم اور اٹھائیس سطریں ہوتی ہیں۔
یعنی 784 صفحات پر مشتمل ایک عظیم کتاب تیار کی جاتی ہے۔

ہر صفحہ پر 3136 حروف لکھے جاتے ہیں۔
کل حروف کتاب کی تعداد 2458624 ہوتی ہے۔

اس کتاب کی جہاں دوسری خصوصیات ہیں وہاں اس کی ایک خاص بات یہ ہے کہ دنیا کی کسی بھی زبان کا لفظ ہو۔ وہ اس کتاب میں ضرور مل جائے گا۔ بلکہ وہ الفاظ جو مہمل یا بے معنی ہوں وہ بھی اس کتاب کے احاطہ سے باہر نہیں رہتے۔ تاہم یہ حقیقت ہے کہ اس کتاب میں کوئی لفظ مہمل یا بے معنی نہیں ہوتا۔ درحقیقت ایک زبان میں تو ایسا ہو سکتا ہے لیکن کسی دوسری زبان میں وہ الفاظ خاص معنی لئے ہوئے ہوتے ہیں اور یہ کتاب صرف ایک زبان بولنے والوں کے لئے نہیں بلکہ تمام دنیا اور تمام زبانوں کے لئے ہے۔

ایک دوسری خاص بات جو دراصل اوپر والی دونوں باتوں کا ماحاصل ہے کہ جب دنیا کی ہر زبان اور اس کا ہر حرف اس کتاب میں شامل ہے تو اسم اعظم بھی اس کتاب میں شامل ہو جاتا ہے اور ایک جفار و عامل اس کو اپنے ہاتھ سے تحریر کرتا ہے۔ کتنا مبارک ہے وہ ہاتھ جو اس کو تحریر کرتا ہے۔ (ایک زمانے میں جفر جامع الحاکمیں (28) مکمل جائز میں بھی اپنے ہاتھ سے مکمل کر چکا ہوں۔ اور ان چند ایک خوش نصیبوں میں سے ہوں' جن کو یہ سعادت حاصل ہوتی ہے۔) یہی وجہ ہے کہ جفر جامع سے فائدہ اٹھانے کے لئے اس کتاب کو تحریر کرنا فرض خیال کیا جاتا ہے۔ اس کو تحریر کیے بغیر جفر جامع سے احکام بیان کرنے کی صلاحیت پیدا ہی نہیں ہوتی۔

اس کا تحریر کرنا دراصل زکوۃ کی ایک قسم بھی جو جفر جامع

سے متعلق روحانی عملیات میں کامیابی کا باعث بنتی ہے۔

جفر جامع پر میں نے ایک کتاب الگ سے صرف اس مستعملہ کے حل فوائد اور قواعد کے بارے میں تحریر کی ہے۔ یہ کتاب کیا ہے۔ علم جفر کا ایک نایاب خزانہ ہے۔ دنیا میں آج تک اس کے بارے میں کبھی کوئی کتاب تحریر نہیں کی گئی۔ تاہم میں نے اس نایاب قاعدے کو بمعہ امثال کے کتاب میں بیان کر دیا ہے۔ معمولی سمجھ بوجھ والا فرد بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اور اس کو مکمل طور پر سمجھ سکتا ہے۔ یقین کریں اس کتاب میں جفر جامع کے بارے میں کوئی راز راز نہ رہا ہے۔

(2) جفر کبیر : جفر کبیر اور جفر جامع میں کوئی خاص فرق نہیں ہے جو کچھ پہلے جفر جامع کے لئے تحریر کیا گیا ہے۔ بالکل یہی آپ جفر کبیر کے سلسلے میں خیال کریں۔

اگر ان میں کچھ فرق ہے تو صرف یہ کہ جفر جامع میں کتاب تحریر کرنے کی جو ترتیب ہے۔ جفر کبیر میں وہ اس قدرے مختلف ہے۔ تاہم دونوں کے اثرات' احکام اور تاثیر ایک سی ہے۔ اس میں کوئی فرق نہیں۔

(3) جفر لدنی : علم جفر کی اس شاخ میں قواعد کی برتری تسلیم کرنے کی بجائے فرد کی قوت تخلیہ کو اہم خیال کیا جاتا ہے۔ جس قدر کوئی فرد عبادت گذار اور نیکوکار ہوگا۔ اسی قدر وہ اس میں ماہر ہوگا۔

(4) جفر خافیہ : بنیادی طور پر اس سے ماضی حال اور

مستقبل میں پیش آنے والے اچھے برے واقعات کا تعین کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کے قواعد تک عوام کی دسترس نہ ہونے کے باعث اس کا نام جفر خافیہ پڑ گیا۔

(5) جفر اسود : منصور بغدادی کی تحریر کردہ کتاب کے قواعد کی اصلاح امام جعفر نے کی تھی۔ یہ کتاب ایک سیاہ رنگ کی جلد میں تھی۔ اس ہی کو جفر اسود کہا جاتا ہے۔

(6) جفر احمر : علم جفر کے جو مختلف قواعد عام طور پر ملتے ہیں وہ دراصل جفر احمر کے تحت آتے ہیں۔

یہ تو تھیں علم جفر کی چند اہم اقسام۔ اب اس کے ایک اور پہلو کو مختصرا بیان کیا جاتا ہے۔

اخبار و آثار

کیا کسی بھی اچھے یا برے واقعے یا حالات کو جان لینا کافی ہے؟

خبر یا اخبار کا حصول۔ اس کا کوئی فائدہ؟

جی ہاں تاکہ انسان برے وقت اور حالات سے بچا رہے۔

یہ کس طرح ممکن ہے؟

اثر سے روحانیت سے۔ آثار سے۔

یعنی علم جفر کی عملی لحاظ سے دو اقسام ہیں۔

اول : اخبار

دوم : آثار

اخبار اخبار کے تحت ہم کسی بھی معاملے کے بارے میں کوئی خبر حاصل کرتے ہیں۔ تمام مستحصلہ جات اس ہی کے اندر آتے ہیں۔

ہمارے زیر نظر مواد کی دو اقسام ہیں۔

(1) خبریہ

(2) خفیہ

(1) خبریہ : اس قسم کے مستحصلہ جات میں جواب واضح شکل میں ہوتا ہے۔

(2) خفیہ : اس قسم کے مستحصلہ جات میں جواب عموماً چھپا ہوا یا عددی شکل میں ہوتا ہے۔

آثار آثار کے تحت اچھے یا برے حالات معلوم کرکے برے وقت یا حالات سے محفوظ رہنے کے لئے کوئی تدبیر اختیار کی جاتی ہے۔

اس کی بھی مزید دو اقسام ہیں۔

(1) آثار مکتوبی : فرد کے نام وغیرہ کی تکسیر و موکلات کے استخراج وغیرہ سے نقش و عمل تیار کرنا۔

(2) آثار ملفوظی : وہ فرد جو آثار مکتوبی میں مہارت تامہ حاصل کرے وہ آثار ملفوظی کا عامل ہو جاتا ہے۔ اور اس کی زبان میں حد درجہ تاثیر ہوتی ہے۔ عملیات کے موضوع پر میں نے الگ سے کتب تحریر کی ہیں۔ یہ کتب آپ ادارے طلب کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ مفید ثابت ہوں گی۔

اخلاق و کردار کی تیاری

پچھلے صفحات میں علم جفر کا تعارف بیان کیا گیا ہے۔ جس سے امید ہے آپ کے ذہن میں کشادگی اور علم میں وسعت پیدا ہوئی ہوگی اور کئی گرہیں جو آپ کے ذہن میں علم جفر کے بارے میں پہلے تھیں وہ اب کھل چکی ہوں گی۔

علم جفر ایک زندہ اور پاکیزہ علم ہے۔ نجوم اور پامسٹری سیکھنے کے لئے فرد کا صاحب کردار' نیکوکار' نماز اور روزے کا پابند ہونا کوئی ضروری امر نہیں۔ گو اگر ایسا ہو تو اچھا ہے۔ لیکن علم جفر عملیات اور روحانیت سیکھنے والے عامل و جفار کے لئے لازم ہے کہ وہ:۔

شریعت محمدی ﷺ کی پابندی کرنے والا ہو۔ نماز قائم رکھنے والا' روزے دار' صاحب کردار' نیک افعال' بد کاموں اور حرکتوں سے محفوظ رہنے والا' کردار کی عام اور گھٹیا انسانی کمزوریوں سے دور ہو۔ وہ فرد جو اپنے مزاج اور کردار کی اصلاح نہیں کر سکتا جان لے کہ تمام قواعد کے سامنے ہوتے ہوئے بھی وہ ان سے رتی بھر فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ اور کبھی بھی ایک کامیاب عامل و جفار نہیں بن سکتا۔ علم جفر کے حصول اور اس میں کامیابی کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ فرد کی وجدانی قوتیں حد درجہ ترقی یافتہ ہوں۔ اس سلسلے میں راہنمائی کس طرح حاصل ہو سکتی ہے؟

اسی بات کو مد نظر رکھ کر اس کتاب میں طلباء کے اعمال و افعال کو پابند شریعت اور حصول قرب الٰہی کی تیاری کے لئے ایک خاص طریقہ کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ کوشش کریں ان سطور کو پڑھ کر بھول نہ جائیں۔ بلکہ ان پر عمل کریں۔ جب تک فرد اللہ کے مقربین میں شامل نہیں ہو جاتا۔ اللہ کا مقرب بندہ نہیں بن جاتا۔ وہ اس پاک علم سے کچھ حاصل نہیں کر سکتا۔ اگر آپ آج ہماری ان باتوں پر عمل نہ کریں گے تو کل ہم سے شکایت بھی نہ کریں کہ مجھے کامیابی حاصل نہیں ہو رہی ہے۔ جب آپ پہلی منزل سر نہیں کر سکتے تو دوسری کیسے سر کریں گے؟

خاص بات

مستحضر کے لفظ سے آپ یہ نہ اخذ کر لیں کہ ادھر آپ کو مستحضر حل کرنے کی تعلیم دی گئی اور ادھر آپ لوگوں کے سوالوں کے جواب دینا شروع کر دیں گے۔ نہیں ایسا بالکل نہیں ہے۔ یہ بات اچھی طرح جان لیں اصل طاقت عمل (مستحضر) کی نہیں عامل (جفار) کی ہے۔ اور کام نہ مستحضر نے کرنا ہے اور نہ آپ نے۔ آپ کا کام دعا کرنا ہے اور بس۔ اس دعا کو ماننا نہ ماننا' مستحضر کے ذریعے درست جواب تک پہنچانا بندے کی جھولی میں خیرات ڈالنا' اس پروردگار (اللہ تعالیٰ) کا کام ہے۔ جس نے مجھے اور آپ کو اور اس تمام کائنات کو پیدا کیا ہے۔

سو جو کام بھی کریں اس میں رضائے الٰہی کو پیش نظر رکھیں۔

اور جب آپ واقعی ایسا کریں گے تو دراصل آپ قرب الٰہی کی سمت سفر کر رہے ہوں گے اور اس سفر کا نتیجہ کیسا ہو سکتا ہے۔ ہر عقل مند اور ذی ہوش سمجھ سکتا ہے۔

شریعت کی پابندی : فرد تمام اسلامی احکام مثل نماز' روزہ' حج' زکوۃ حقوق اللہ' حقوق العباد کی پابندی اور شرح کے مطابق ان کو انجام دے۔

توکل : اپنی سی کوشش کرے' نتائج اللہ پر چھوڑ دے۔ بندے کا کام کسی نیک امر کے لئے میدان میں اترنا ہے۔ کامیابی ہو یا ناکامی' یہ سوچنا بھی اس کا کام نہیں۔ دنیاوی لحاظ سے ناکام رہ کر بھی آخروی لحاظ سے وہ کامیاب ہے۔ جس کی نیت نیک ہے بس مثبت سوچ اور حصول منزل کو ذہن میں رکھے اپنی سعی مکمل یقین اور اعتماد کے ساتھ کریں۔

فقر : باوجود دولت' آرام اور آسائش کے موجود ہونے کے اپنے آپ کو ان کا غلام نہ بنالے۔ جہاں تک ممکن ہو دوسروں کی ضروریات کو اپنے سے مقدم خیال کرے۔

توبہ : جب کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو دل میں احساس گناہ پیدا ہو۔ وقت ضائع کئے بغیر' فی الفور توبہ کرے اور آئندہ اپنے آپ کو اس گناہ سے پاک رکھے۔ اللہ رحیم و کریم ہے۔

تقویٰ : احکام الٰہی کی سختی سے پابندی کرے۔ نافرمانی سے بچے اور جو عبادت یا ذکر ایک دفعہ اختیار کرے ہمیشہ اس کو انجام دے۔

دوران عبادت پورے خلوص کے ساتھ اللہ کی طرف متوجہ ہو۔

اخلاص : بلا غرض' بے ریا اور بلا کسی صلے کی خواہش کے اللہ کے حضور جھکے۔ جب دل و دماغ کے کسی گوشے میں دکھاوا چھپا ہوا ہو تو پھر اس کا کوئی فعل' کوئی عبادت' کوئی ذکر اور کوئی رونا دھونا فائدہ نہ دے گا۔ جو نفس کی حکومت کے زیر سایہ آگیا وہ اخلاص سے نکل باہر ہوا۔

صبر : مسائل اور مشکلات کو سر پر سوار کئے بغیر' اللہ کی رضا کے لئے' اللہ کے راستے پر پختگی' عزم ثابت قدمی اور خوش دلی کے ساتھ بڑھتا چلا جائے۔ یہ خیال نہ کرے کہ مشکل وقت اب تک ختم کیوں نہ ہوا۔ شاید اللہ میری سنتا ہی نہیں۔

فتوت : اپنے اندر فراخ دلی' فیاضی اور رحمدلی کی خوبیاں پیدا کرے۔ اپنی ضرورت پر دوسرے کی ضرورت کو مقدم خیال کرنا اور اپنے اوپر موجود تنگی کا ذکر سائل سے نہ کرنا۔

اس امر کے

ساتھ علم جفر کے تعارف کا سلسلہ اختتام کو پہنچتا ہے۔ اگلے باب میں دوسرے موضوع یعنی علم جفر کی اصطلاحات کا جامع بیان آئے گا۔

اصطلاحات جفر

1۔ آثار — علم جفر کے دو حصے ہیں۔ آثار ان میں سے ایک ہے اور اس کا تعلق سوالوں کے جواب حاصل کرنے کی بجائے سائل کے مسائل، حاجتوں اور ضرورتوں کو اعمال روحانی، نقوش، آیات قرآن، اسماء الٰہی اور حروف کے طاقتوں کے ذریعے حل کرنے سے ہے۔

2۔ اخبار — علم جفر کے دو حصوں میں سے ایک ہے۔ اس کے ذریعے سائل کے سوالوں کا جواب استخراج کیا جاتا ہے۔ عموماً مستحصلہ کے لفظ سے بھی پکارا جاتا ہے۔

3۔ ابجد — ابجد کی کئی ایک اقسام ہیں۔ تاہم 28 بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ ابجد سے مراد دراصل کسی بھی لفظ یا حرف تہجی کے اعداد معلوم کرنا ہے۔

4- ابجد اثبت: ابجد شمسی اور ابجد قمری، دو اقسام حد درجہ مستعمل ہیں۔ ابجد اثبت ابجد شمسی کا دوسرا نام ہے۔ یہ ابجد آدم کے نام سے بھی پکاری جاتی ہے۔

5- ابجد نوحی: ابجد نوحی، ابجد قمری کا دوسرا نام ہے۔ یہ دیگر تمام ابجدوں سے زیادہ مستعمل ہے۔

6- ابجد دیگر: مندرجہ بالا کے سمیت کل 28 ابجدیں ہیں۔ یہ ابجدیں 28 منازل قمر سے منسوب ہیں۔ اس عنوان کے تحت ان کی مزید تفصیل بیان نہیں کی جا رہی۔

مبتدی حضرات کے لئے وضاحت کر دوں کہ ابجد قمری اور ابجد شمسی سے تین تین یا چار چار وغیرہ کی طرح سے دیگر ابجدیں بنائی گئی ہیں۔

7- اختیارات: اس سے مراد بنیادی طور پر مستعمل کا ضرورت کے مطابق کسی حرف کا تبدیل کرنا وغیرہ ہے۔ یعنی از حد ضرورت کی صورت میں مروجہ قواعد کے علاوہ خود سے کوئی عمل کرنا۔

8۔ اعداد مراتق	حرف جس مرتبہ پر ہوتا ہے۔ اس کا عدد عدد مراتق کہلاتا ہے۔ مثلاً جیم تیسرے نمبر پر ہے۔ سو اس کا مراتی عدد 3 ہوا۔
9۔ مراتب	احاد (اکائی)' عشرات (دہائی)' مات (سینکڑہ)' الوف (ہزار)
9۔ اساس	وہ سطر یا حروف جن سے کسی سوال کا جواب حاصل کرنے کے لئے نئے حروف پیدا کئے جاتے ہیں۔
11۔ اربعہ عناصر	چاروں عناصر کو کہتے ہیں۔ جمہور کے مطابق ان کی ترتیب یہ ہے (آتش' باد' آب' خاک) جب کہ فلاسفہ کے مطابق یہ ترتیب یوں ہے۔ (آتش' خاک' باد' آب)
12۔ ازواج	پہلے حرف سے دو حرف چھوڑ کر لینا۔ جیسے (ا' ب' ج' د) چار حروف میں پہلے الف لیا پھر د۔
13۔ اقلیم	جفر جامع میں ربع کا حرف اول اقلیم کہلاتا ہے۔
14۔ استخراج	دیے گئے قواعد کے مطابق حروف حاصل کرنا۔
15۔ استنباط	حروف پیدا کرنا' حروف لینا
16۔ استلاق	اعداد کو دائیں طرف سے بائیں طرف جمع

کرنا۔ پھر اس کے حروف لینا۔

17:- اعداد — عدد ہندسہ

18- اعداد لینا — کسی حرف یا لفظ یا آیات وغیرہ کے حروف کی عددی قیمت معلوم کرنا جیسے الف کی عددی قیمت 1 اور ب کی عددی قیمت 2 ہے۔

19- اعداد احاد — کسی بھی حرف کی قیمت صرف اکائی کی شکل میں لینا دہائی اور سینکڑا چھوڑ دیا جائے گا۔ مثلاً ی کی قیمت 10 کی بجائے ایک (1) ہو گی۔

20- اصغر — کسی بھی عدد کو اکائی کے درجے پر لانا مثلاً 35 کو 5 + 3 = 8 کرنا۔ لیکن عدد اگر پہلے ہی اکائی کا ہو تو اس کا نصف کر لیں۔ مثلاً 7 کا 3 اور 4

21- افراد لینا — ازواج میں دو حروف چھوڑتے ہیں۔ جب کہ افراد میں درمیان سے صرف ایک حرف چھوڑا جاتا ہے۔ مثلاً ا'ب' ج' د ہے۔ "ب" حرف ہو تو اس سے ایک چھوڑ کر "د" کا حرف لیں گے۔

22- امہات الابجد — ابجد شمسی و قمری کو کہتے ہیں۔ کیونکہ ان سے دوسری ابجدیں وجود میں آتی ہیں۔ یہ خود کسی سے نہیں۔

23۔ اوتاد — یہ اصطلاح عموماً جفر جامع میں استعمال ہوتی ہے۔ پہلا حرف وتد یعنی زمانہ حال سے متعلق ہے۔

24۔ اوتار مائل — دوسرا حرف مائل 9 وتد یعنی زمانہ آئندہ سے منسوب ہے۔

25۔ اوتار زائل — تیسرا حرف زائل وتد یعنی زمانہ ماضی کا مظہر ہے۔

26۔ جنیات — دیکھو زیر وجنیات

27۔ بروح میلن — ایک مشہور جفری مسئلہ کا نام ہے۔

28۔ بسط — الفاظ کو منفرد کرکے تحریر کرنا۔ ایک حرف سے دوسرا حرف پیدا کرنا بھی مراد ہے۔

29۔ بسائط اربعہ — اربعہ سے مراد چار ہے۔ سو یہ چار اقسام کی بسائط (1) بسط کبیر (2) بسط وسیط (3) بسط صغیر (4) بسط اصغر

30۔ بسط کبیر — اعداد سے حروف استخراج کرنا۔ شاعد د 73 ہے۔ اس کے حرف ج او زع ہوئے۔

31۔ بسط وسیط — کل اعداد کا پہلے ایک مرتبہ کم کرنا اور پھر اس کے حروف لینا۔ مثلاً 1125 میں پہلے دو اعداد کو باہم جمع کر دیا۔ تو اعداد یہ حاصل ہوئے۔ 117 ہی بسط وسیط ہے۔

32۔ بسط صغیر — بسط وسیط سے حاصل ہونے والے اعداد کا

ایک مرتبہ اور کم کریں اور حروف حاصل کریں تو یہ بسط صغیر کہلائی گی جیسے 117 کو بسط صغیر 18 ہوئی۔

33۔ بسط اصغر — بسط وسیط سے حاصل ہونے والے اعداد کا ایک مرتبہ کم کر کے حروف حاصل کرنا مثلاً 18 بسط صغیر ہے تو بسط اصغر اس کی 9 ہوئی۔ یعنی آٹھ جمع ایک۔

34۔ بسط ثلاثہ — مندرجہ بالا تین بسط (1) بسط کبیر (2) بسط وسیط (3) بسط صغیر کو بساط ثلاثہ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

35۔ بسط عزیزی — حروف آتشی کو حروف بادی (جیسے الف کو "ب" سے) بادی کو آتشی، آبی کو خاکی اور آبی سے بدل دینا۔

36۔ بسط حرفی — کسی لفظ کے تمام حروف کو الگ الگ کر کے لکھنا۔ خالد کو خ ا ل د

37۔ بسط عددی — لفظوں کو عربی کے عدد ابجد کی رو سے حروف میں منتقل کرنا۔

38۔ بنات الابجد — وہ ابجد جو کسی دوسری ابجد سے وجود میں آئے، اس سے بنائی جائے۔

39۔ پیدائشی طالع — کسی فرد کی پیدائش کے وقت جو برج آسمان پر طلوع ہو رہا ہو۔ پیدائشی طالع کہلاتا ہے۔

40۔ ترفع — ترفع سے مراد بڑھنا ہے۔ باعتبار عدد یا مرتبہ یا ضرب وغیرہ کے۔ دو اقسام کا زیادہ مستعمل ہے۔ اول۔ ترفع عددی' دوم۔ ترفع حرفی۔

41۔ ترفع عددی — کسی بھی حرف کو عددی لحاظ سے اس سے اگلے مرتبے میں بڑھنا۔ یعنی "الف" کا ترفع "ی" اور "ب" کا ترفع "ک" ہوا۔

42۔ ترفع حرفی — کسی بھی حرف کو ایک درجہ بلند کرنا۔ مثلاً "الف" کا ترفع حرفی "ب" اور "ب" کا ترفع حرفی ج ہوا۔

43۔ ترفع طبعی — آتشی حروف کو بادی سے۔ بادی کو آتش سے۔ آبی کو خاکی سے۔ خاکی کو آبی سے بدلنا ترفع طبعی ہے۔

44۔ ترفع افرادی — ایک حرف درمیان سے چھوڑ کر اگلا حرف لینا۔ الف کے بعد ب چھوڑ کر ج لینا۔

45۔ ترفع ازواجی — چار حرف درمیان سے سے چھوڑ کر اگلا حرف لینا۔

46۔ تقارب — کسی حرف کا عدد لے کر اس کو دوگنا یا سہ گنا وغیرہ کرنا مثلاً "ب" کا عدد 2۔ اس کا دوگنا

4 ہوا۔

47۔ تنزلات — ترفع کی جو اقسام اوپر بیان ہوئیں۔ ان کے برعکس کرنا۔ ترفع عددی کا الٹ تنزل عددی ہوا۔

48۔ تضعیف — حرف کا عدد لے کر اس کو دوگنا یا سہ گنا وغیرہ کرنا اور پھر اس کا حرف معلوم کرنا۔

49۔ تخلیص — دیکھیں تلخیص

50۔ تکرار — کسی نام سطر' آیات یا اساس میں ایک ہی حرف کا ایک سے زائد بار آنا تکرار کہلاتا ہے۔ جیسے "لاتا" اس میں "الف" دوبار آیا ہے۔ یعنی اس کی تکرار ہے۔

51۔ ترفع مزاجی — اس کا مطلب ہے کہ کسی حرف کو اس کے عنصر سے تعلق رکھنے والے اگلے حرف سے بدل دیا جائے۔ جیسے کہ "الف" آتشی حرف ہے۔ اس کو ھ سے بدل دیا جائے۔ یا ب بادی حرف سے اس کو و سے یا د خاکی کو ح سے کیونکہ یہ مرتبہ دوم پر اسی عنصر سے متعلق حرف ہے۔

52۔ تکسیر — کسی سطر سے نئی سطر اس طرح بنانا کہ ایک حرف سطر کے آخر سے اور ایک حرف سطر کے شروع سے لے کر نیچے تحریر کیا جائے۔

یہ عمل عموماً اس وقت کیا جاتا ہے۔ جب
تک دوبارہ پہلی سطر اخراج نہ ہو جائے۔
پہلی سطر کو سطر اساس بھی کہتے ہیں۔ جب کہ
آخری سطر کو سطر زمام کہا جاتا ہے۔ یہ تمام
عمل صدر موخر کے نام سے بھی پکارا جاتا
ہے۔

عمل تکسیر

ا ب ج د سطر اساس
د ا ج ب
ب د ج ا
ا ب ج د سطر زمام

53۔ مائل اوتار دیکھو اوتار (مائل)

54۔ موخر صدر مندرجہ بالا تکسیر (صدر موخر) کے برعکس
حرکات موخر صدر کہلاتی ہیں۔ اس طریق
میں کسی سطر سے نئی سطر بنانے کے لئے ایک
حرف سطر کے شروع سے اور ایک حرف
سطر کے آخر سے لیا جاتا ہے۔

ا ب ج د
ا د ب ج
ا ج د ب
ا ب ج د

55۔ تکسیر مراتب الحروف : حروف کو حسب مرتبہ ابجد لکھیں۔ معنی اس طے یہ ہوئے کہ جس حرف کے کم عدد ہوں۔ اس کو پہلے لکھیں اور پھر بڑے عدد والے حروف تحریر کریں۔

56۔ تکسیر عنصری : عبارت، الفاظ یا حروف کو بلحاظ مدراج عناصر لکھیں۔ یعنی پہلے آتشی پھر بادی، آبی اور خاکی

57۔ تکسیر مرکب والحروف : کسی لفظ کو ملفوظی کیا۔ پھر اس سے جس قدر حروف حاصل ہوئے۔ان کو حسب مراتب حروف جدول میں لکھا۔ یعنی پہلے ملفوظی اور پھر صدر موخر کریں۔

58۔ تکسیر عددی : لفظ کے عدد نکالے۔

59۔ تکسیر المزاجین : طالب و مطلوب کے ناموں کی بسط کریں۔ حروف تکرارات کو مسلسل تحریر کریں اور باقی حروف کو بلحاظ عنصر یا مراتب الحراف لکھیں۔

60۔ تکسیر تزویج الحروف : طالب و مطلوب کے ناموں کی بسط کریں۔ پہلے جن حروف کے اعداد جفت ہوں ان کو مسلسل لکھیں اور پھر جن کے اعداد طاق ہوں ان کو۔

61۔ تکسیر مفرد : طالب و مطلوب کے ناموں کے درمیان مقصد کے مطابق اسم الٰہی تحریر کریں۔ بسط کریں اور

صدر موخر کریں۔

62۔ تکسیر وتری — طالب و مطلوب کے ناموں کے درمیان طاق حروف والے اسم الٰہی کو لکھ کر سطر اساس بنائیں۔ صدر موخر کریں اور سطر زمام پیدا کریں۔

63۔ تکسیر زوجی — وہ اسم الٰہی لے کر جس کے حروف زوج (8,6,4,2) ہوں۔ ان کی تکسیر کرنا یا نقش بنانا۔

64۔ تداخل مزاجین دیکھیں تکسیر المزاجیں

65۔ تداخل وتف زوجی " تکسیر زوجی

66۔ تلخیص — سطر اساس میں تکرار کرنے والے حروف کو گرا دینا کاٹ دینا۔ جیسے سطر اساس ا' ب' ج' د' ج ہو تو اس میں آخری "ج" کو ختم کرکے سطر اساس اس طرح قائم کرنا کہ باقی (ا' ب' ج' د) رہ جائے۔

67۔ تناقص — کم کرنا' حصص معلوم کرنا' مثلاً عدد 16 کا نصف 8 ہوا۔ 8 کا نصف 4 اور 4 کا 2 ہوا۔

68۔ تنزل — ترفع سے مراد مرتبے میں بڑھنا جب کہ تنزل سے مراد مرتبے میں کمی ہے۔ جیسے ی کا طرف

تنزل ہوا۔ "۱"

69۔ تکرار — دیکھیں تلخیص

70۔ ثلث — اس سے مراد تیسرا حصہ ہے سو کسی حرف کے عددی قیمت کے تیسرے حصے کے مطابق عدد بنانا۔

71۔ ثمن — کسی حرف کی عددی قیمت کے آٹھویں حصے کے مطابق عدد بنانا۔

72۔ جذر — دیکھیں ضرب فی نفسہ

73۔ جزو — مستحصلہ یا ربع ہو تو اس کی چوتھی سطر اور چوتھا حرف مراد ہیں۔ تاہم جفر جامع میں ہر ربع کا حرف اول جزو کہلاتا ہے۔

74۔ جفر — وہ علم وہ حضرت امام جعفر سے منسوب ہے۔ تاہم اس میں دیگر زبانوں سے بھی مستحصلہ جات مروج ہیں۔ اس کی دو اقسام ہیں۔ اول۔ اخبار، دوم۔ آثار پہلے حصے سے سوال کا جواب جب کہ دوسرے حصے سے مختلف مقاصد کے لئے روحانی اعمال تیار کئے جاتے ہیں۔

75۔ حذف — دیکھیں تلخیص

76۔ حروف شمار — دیکھیں شمار حروف

77۔ حروف آتشی — ا ہ ط م ف ش ذ

78۔ حروف آبی ج ز ک س ق ث ظ

79۔ حروف خاکی د ح ل ع ر خ غ

80۔ حروف بادی ب و ی ن ص ت ض

81۔ حروف توافیہ ب ت ث ج چ ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ (ہم شکل)

82۔ حروف غیرتوافیہ ا ف ق ک ل م ن و ہ ی (غیر ہم شکل)

83۔ حروف ترفع ب د و ح ی ل ن

84۔ حروف صوامت ا ح د ر س ص ط ع (بلانقطہ حروف)

85۔ حروف ترقی ع س ر ت غ ض خ

حروف ناطقہ ب ت ث ج خ ذ ش ض ظ غ ف ق ی ن (بانقطہ حروف)

86۔ حروف مساوات ا ج ہ ز ط ک م

87۔ حروف نورانی خ ر س ص ط ع ک ق ل م ن د ہ ی

88۔ حروف متزل س ف ق ش ث ذ ظ

89۔ حروف ظلمانی ب ت ث ج ذ ز ش ض ظ غ ف و خ

90۔ حروف مستحصرہ سوال کے مدخل اربعہ ' شمار حروف سوال ' نقاط حروف و طالع وقت و منزل قمر وغیرہ سے حروف حاصل کر کے اساس قائم کی جائے اور نظیرہ دیا جائے تو سطر زمام حروف مستحصرہ کہلائی گی۔

91۔ حروف اساس مداخل کبیر کے بعد جو حروف حاصل ہوں۔ ان کو نظیرہ دیا جائے---- علاوہ ازیں ابجد کے پہلے 14 حروف جو بتایا 14 کے مقابل ہوتے ہیں وہ بھی حروف اساس کہلاتے ہیں۔ دیکھیں سطر اساس۔

92۔ حروف نظیر حروف اساس کے برعکس ابجد کے آخری 14 حروف جن کے مقابل حروف اساس ہوتے ہیں۔

93۔ حروف عزیزی حروف کو عنصری لحاظ سے تبدیل کرنا۔ جیسے الف کو ب سے۔ یعنی آتش کو بادی سے

94۔ حروف مستحصلہ جو حروف بعد از عمل بمطابق قواعد قاعدہ حاصل ہوں۔

95۔ حاصل جواب حروف مستحصلہ سے جو نتیجہ نکلے۔

96۔ حروف ملفوظی الف۔ جیم۔ دال۔ ذال۔ سین۔ شین۔ صاد۔ ضاد۔ عین۔ غین۔ قاف۔ کاف۔ لام

97۔ حروف مکتوبی میم۔ نون۔ واو

98۔ حروف مسروری با۔ تا۔ ثا۔ خا۔ را۔ زا۔ طا۔ ظا۔ فا۔ ہا۔ یا

99۔ حاکم طالع — طالع پیدائش یا وقتی زائچے کا حاکم کوکب حاکم طالع کہلاتا ہے۔

100۔ خانہ — ربع کے خانہ اول کو مستحصلہ کی سطر اول کو۔ جفر جامع کے ربع میں حرف چہارم کو۔

101۔ خمس — کسی حرف کی عددی قیمت کے پانچویں حصے کو خمس کہتے ہیں۔ جیسے 100 کا خمس 20 ہوا۔

102۔ ربع — ربع کے چار حصے چار خانے یا چار حرف ہوتے ہیں۔ جفر جامع میں یہ خانہ 'سطر' صفحہ اور جز کو ظاہر کرتا ہے۔

103۔ مربعات — ظاہر ہے ربع کی جمع ہے۔ چار خانوں یا چار حروف کو کہتے ہیں۔

104۔ سطر — ربع کے دوسرے خانے یا حروف کو کہتے ہیں۔ تاہم جفر جامع کے حوالے سے ربع کا تیسرا حرف سطر کو ظاہر کرتا ہے۔

105۔ شمار حروف — کسی لفظ سوال 'سطر اساس میں کل حروف کی تعداد معلوم کرنے کو کہتے ہیں۔

106۔ شمار نقاط — کسی لفظ 'سوال' سطر اساس میں کل نقاط کی تعداد معلوم کرنا۔

107۔ صفحہ — مستحصلہ ہو تو ربع کا تیسرا خانہ یا حرف۔ جب کہ جفر جامع میں ربع کا دوسرا حرف۔

108 صدر موخر — دیکھیں تکسیر۔

109 طالع — بوقت پیدائش یا سوال جو برج آسمان پر طلوع ہو رہا ہو۔ دیکھو وقتی طالع اور پیدائشی طالع۔

110۔ طول — دیکھیں عرض

111۔ عدد آحاد — دیکھیں اعداد آحاد

112۔ عزیزہ — دیکھیں بسط عزیزی۔

113۔ عشرات — 10 تا 99 تک اعداد

114۔ عناصر اربعہ — دیکھیں۔ اربعہ عناصر

115۔ کسور — حصے کرنا۔ جیسے 9 کا ثلث 3 ہوا۔

116۔ زبر و بینات — جب کسی حرف کو ملفوظی میں تبدیل کیا جائے تو اس کے پہلے حصے کو زبر اور باقی کو بینات کے نام پکارا جاتا ہے۔ جیسے حرف "ا" کا ملفوظی "الف" ہوا۔ اس کا پہلا حصہ "ا" زبر اور باقی "الف" بینا کہلائے گا۔

117۔ مداخل — مدخل کی جمع ہے۔ اعداد کو حرف میں تبدیل کرنے کو کہتے ہیں۔

118۔ مراتب تسعہ — 1 تا 9 تک کے مرتبے۔

119۔ منسوب — کسی سطر کو دائیں طرف سے پڑھنا یا عمل کرنا۔

120۔ مقلوب — کسی سطر یا جواب کو بائیں جانب سے پڑھنا۔

121۔ مستحصرہ — مستحصلہ جن حروف سے حاصل ہو۔ وہ مستحصرہ کہلاتے ہیں۔

122۔مداخل اربعہ — مدخل کبیر' وسیط' صغیر و اصغر کو کہتے ہیں۔ مدخل کبیر یہ ہے کہ حروف کے اعداد جمل کبیر سے لے کر نیا حرف یا حروف بنانا اور پھر ایک مرتبہ کم کر کے حرف بنانا وسیط ہوگا۔ اس طرح باقی

123۔بس — حروف تکرار سطر اساس سے خارج کرنے کے بعد جو حروف حاصل ہوں۔

124۔ملفوظی — جس طرح کوئی حرف بولنے میں آتا ہے۔ اس طرح تحریر کرنا۔ جیسے "ا" کو الف۔

125۔مکتوبی — جب کسی حرف کو ملفوظی لکھا جائے اور پہلا اور آخری حرف ایک ہو تو۔ اسے الفاظ کو مکتوبی کہتے ہیں۔ جیسے میم۔

126۔مسروری — ایسی ملفوظی الفاظ جو صرف دو حروف سے مل کر بنتے ہیں۔ جیسے کہ با۔

127۔مفصل اعداد — کسی حرف کو ملفوظی کر کے اس کے اعداد لینا۔ جیسے "ا" کو ملفوظی کیا تو الف حاصل ہوا۔ اس کے اعداد 111 ہوئے۔

128۔مبسوط اعداد — حروف کے اعداد کا بسط عددی کے ذریعے حصول۔ دیکھیں بسط عددی اور تکحیص۔

129۔نظیرہ　کسی حرف سے پندرھواں نمبر پر بیٹھا حرف' حرف نظیرہ کہلاتا ہے۔

130۔وقتی طالع　بوقت سوال جو برج آسمان پر طلوع ہو رہا ہو وہ وقتی طالع کہلاتا ہے۔

131۔زمام / سطر زمام دیکھیں تکسیر

132۔زائل او تار　دیکھو اوتار (زائل)

133۔عنصری تقسیم　تمام حروف کو چار عناصر میں تقسیم کرنا۔ ان کی عنصری تقسیم کہلاتا ہے۔

حروف یہ یوں ہے۔

آتشی	ا ہ ط م ف ش ذ
بادی	ب و ی ن ص ت ض
آبی	ج ز ک س ق ث ظ
خاکی	د ح ل ع ر خ غ

134۔عرض　سطر کا دائیں سے بائیں پڑھنا یا پھیلاؤ اس کا عرض کہلاتا ہے۔

135۔عمق　تکسیر کی سطور کا اوپر سے نیچے کی طرف تمام سطور کا پھیلاؤ عمق کہلاتا ہے۔

136۔قطر　سطر زمام تک تکسیر کا وترآ پھیلاؤ قطر کہلاتا ہے۔

137۔ضرب فی نفسہ　اس کے دو طریقے ہیں۔

اول : حروف کے اعداد معلوم کرکے۔

باہم ضرب دیں۔ ب کا عدد 2 ہے سو
4 = 2 x 2

دوم : حرف کے اعداد معلوم کر کے اس
کا ابجد میں ترتیب سے جو نمبر آتا ہے۔ اس
سے ضرب دیں۔ ج کا عدد 600 ہے اور
ابجد قمری میں یہ 24 نمبر پر واقع ہے۔ سو
14400 = 24 x 600

138 ہم جنس ایک ہی قسم کے حروف۔ یہ بلحاظ طبع بھی ہو سکتے ہیں۔ بلحاظ ترفع وغیرہ بھی ہو سکتے ہیں۔

139 ہم طبع ہم مزاج حروف۔ جیسے حروف آتش کے ہم مزاج حروف بادی ہوئے۔

مستحصلہ قادر الکلام

مستحصلہ قادر الکلام کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کو حل کرنے کے لئے دوسرے جفری قواعد کی طرح :-

- ترفع
- تنزل
- ہم مرتبہ وغیرہ۔

جیسے امدادی اور دوسرے درجے کے رعایتی قواعد کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ نام کے مطابق ہی اس قاعدے کا کام ہے۔ آپ بھی اس کو تجربے میں لائیں اور سر دھنیں۔

اصطلاحات جفر: دوسرے مخفی علوم کے سلسلے میں عموی اور علم جفر کے سلسلے میں خصوصاً یہ مسئلہ بہت اہم ہے کہ اصطلاحات جفر کو اس انداز میں اور ایسے الفاظ میں بیان کیا جاتا ہے کہ عام آدمی کیا خواص کے سر کے اوپر سے بھی گزر جائیں۔ بنیادی طور پر اس حرکت اور رموز کنایئے میں بات کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ قاعدہ بھی بیان ہو

جائے اور سمجھ بھی کسی کو نہ آئے۔ اس کے علاوہ پچھلے زمانے تک لکھنے کا جو طریقہ کار تھا وہ بھی قدرے مہمل ہی تھا۔ اس کے ساتھ قواعد جفر کو خفیہ رکھنے کی خواہش نے مل کر یہ کام کیا کہ ان تحریر کردہ قواعد کا کسی صاحب فن و طویل تجربے کے حامل فرد کی مدد کے بغیر سمجھنا ناممکن ہو کر رہ گیا ہے اور اب بھی کئی قواعد ایسے مل جاتے ہیں جو یا تو غیر واضح اور مہمل ہیں یا اس قدر لفاظی سے بھرے ہوئے ہیں کہ ان کو حل کرنا جان جوکھوں میں ڈالنے والی بات ہے۔

اسی بات کے پیش نظر میں نے اول تو قاعدہ اس طرح بیان کیا ہے کہ بلاضرورت مشکل اصطلاحات کو استعمال ہی نہ کیا جائے تاکہ فرد کا ذہن ان میں الجھ کر نہ رہ جائے۔ دوم یہ کہ چند ایک اصطلاحات جن کا ذکر آئندہ صفحات میں مستحصلہ بیان کرتے ہوئے آئے گا کو ذیل میں بیان کیا جا رہا ہے تاکہ طلباء کو اس بارے میں کوئی پریشانی نہ ہو۔

زیر غور مستحصلہ میرا تجربہ شدہ اور ذاتی استعمال کا قاعدہ ہے۔ تاہم پہلی دفعہ یہ تمام قواعد و امور کی روشنی میں آپ کے لئے پیش کیا جا رہا ہے۔ مختلف کتب و رسائل میں جفری مستحصلہ جات کو عجب طریق اور قواعد استعمال کرتے ہوئے حل کرنے اور اس قسم کے قواعد از خود گھڑنے کی روش شروع ہو جاتی ہے۔

ایک ایک آدمی نے کئی کئی سو قواعد بیان کر رکھے ہیں اور ہر قاعدے کو وہ حتمی اور تجربہ شدہ بتاتے ہیں لیکن کیا یہ ممکن ہے کہ حقیقی طور پر جفر کے قواعد اس قدر لاتعداد ہوں۔

نہیں، بالکل ٹھیک نہیں، اس طرح نہیں ہے۔

بہر حال ہمارے منع کرنے سے لوگوں نے اپنے حرکات چھوڑ تو دینی نہیں بلکہ ہر روز ایک نیا قاعدہ ضرور تخلیق ہوتا رہے گا۔ سو قطع نظر اس تمام عمل کے آئیں ہم اپنی ذہنی اور روحانی قوتوں کو ایک جگہ جمع کرتے ہوئے پہلے قاعدے کی ضرورت کے مطابق علم جفر کی چند ضروری اصطلاحات کو سمجھ لیں اور پھر بذات خود قاعدے کو۔ جس کے بعد ایک عملی مثال آپ کو قاعدہ سمجھنے میں مدد دینے کے لئے بیان کی گئی ہے۔ اس مثال کے ساتھ یہ کتاب اپنے اختتام کو پہنچ جائے گی۔ لیکن آپ کا اور ہمارا تعلق اللہ تعالیٰ نے چاہا تو بہر حال باقی رہے گا۔ آپ کو اس قاعدے کو سمجھنے میں کوئی مشکل یا کوئی مسئلہ درپیش ہو تو جوابی خط لکھ کر پوچھ سکتے ہیں۔ کوشش کی جائے گی کہ آپ کو خاطر خواہ جواب دیا جا سکے۔ بالمشافہ ملاقات کے لئے وقت طے کر کے آئیں۔

نوٹ :

مجھے یقین ہے جو مواد اس کتاب میں پیش کیا جا رہا ہے اس کی مدد سے آپ قاعدہ قادر الکلام پر عبور حاصل کر سکیں گے۔ اور ہر طرح کے معاملات میں سائلوں کی مناسب راہنمائی کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ تاہم اس کے ساتھ ہم آپ کو مشورہ دیں گے کہ اس کتاب کے اختتام کے ساتھ آگے بڑھنے کی جدوجہد ترک نہ کریں بلکہ زیادہ سے زیادہ حصول علم کی کوشش کریں اور مزید علم حاصل کرنے کے لئے نجوم اور دست شناسی جیسے وسیع اور جامع

علوم کو بھی سیکھنے کی کوشش کریں۔ اس سلسلے میں آپ خالد اسحاق انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت شروع کئے گئے مختلف کورسوں میں داخلہ لے کر علم کی تشنگی کو دور کر سکتے ہیں۔ مصنف ہذا کی عملیات' نجوم' پامسٹری' جفر' رمل' اعداد' ساعات' قیافہ شناسی' خواب وغیرہ پر شائع ہونے والی کتاب بھی آپ کی راہنما ثابت ہوں۔

☆ علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام اخترج
کرواکر آپ اپنے بچے کو کوکب کے نحس اثرات
سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے

ہو سکتے ہیں۔

فیس : 200 روپے

کوائف : وقت، تاریخ اور مقام پیدائش

نام کا اثر، عمومی خصوصیات، مزاج،
کردار، روزگار وغیرہ،
رنگ، پتھر، دن، تاریخ، اہم سال، تاریخ
پیدائش کا مفرد عدد اور
خصوصیات، تاریخ و دن کے مفرد عدد
کے اثرات، نام کا مفرد عدد اور اس کے
اثرات، دولت کا عدد اور اس کے اثرات،
نام اور تاریخ پیدائش کا مرکب عدد اور
اس کی خصوصیت، نام کا پہلا حرف اور
اس کے اثرات، نام کے کل حروف کی
تعداد اور اس کے اثرات، ذات کا عدد اور
اس کے اجتماعی اثرات۔

فیس : 1000 روپے

کوائف : نام، وقت، تاریخ اور مقام پیدائش

☆ آپ شادی کرنا چاہ رہے ہیں یا شادی شدہ
ہیں یا کسی کے عشق میں مبتلا ہیں۔ علم نجوم کی
روشنی

کے لیے

کے لیے کہ آپ کی اور

رفاقت موزوں
ہے یا نہیں اور یہ رفاقت کس قسم کے اثرات
لیے ہوئے ہے کیا آپ کا تعلق
کے ساتھ شادی کرنا موزوں ہے۔ آپ اگر
شادی شدہ ہیں تو آپ کے
معاون ثابت ہو گی۔

فیس: 1000 روپے

کوائف: فریقین کے نام، تاریخ، وقت اور
مقام پیدائش

اگر آپ نجوم، پامسٹری، اعداد یا ایسے
ہی کسی اور موضوع پر کمپیوٹر پروگرام
بنوانا چاہیں تو مناسب معاوضے پر ہماری
خدمات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اصطلاحات

بسلسلہ قاعدہ قادر الکلام

خیال رہے۔ یہاں صرف وہی امور زیر بحث لاؤں گا جن کا استعمال ہمارے قاعدے میں ہے۔ باقی امور و اصطلاحات جفر کو نہ چھیڑا جائے گا تاکہ آپ ذہنی یکسوئی کے ساتھ اس قاعدے کو سمجھ سکیں اور پھر اپنے تجربے میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ میں نے اس کو کسی بخل کے بغیر مکمل بیان کر دیا ہے۔ باقی اللہ کی مرضی اور آپ کی محنت پر منحصر ہے۔

ابجد

اس جفری مسئلہ کو حل کرنے کے لئے دائرہ قمری سے مدد لی جائے گی۔ حروف کو اعداد میں یا اعداد کو حروف میں بدلنے کے لئے یہی ابجد استعمال ہوگی۔

نام سائل بمعہ والدہ :

قاعدہ حل کرتے ہوئے سائل کا نام بمعہ اس کی والدہ کے نام کے سوال میں شامل کیا جائے گا۔ صرف سائل کا نام کام نہ دے گا۔

نام فریق :

اگر سوال کسی دوسرے فرد کے بارے میں ہو تو اس فرد کا نام بمعہ نام والدہ کے سوال میں ضرور شامل کریں۔ بلا نام سوال مکمل نہیں ہو پاتا۔ جو لوگ ایسے موقع پر اسم "حوا" استعمال کرتے ہیں وہ درست نہیں کیونکہ حوا تو سب کی ماں کا نام ہے۔ کسی فرد واحد کی نہیں۔ اس سے کسی خاص فرد کی نشاندہی نہیں ہوتی۔ اس لئے کوشش یہ ہونی چاہیے کہ فریق کی والدہ کا درست نام معلوم ہو جائے۔

عرف :

بعض افراد ایک سے زائد ناموں سے پکارے جاتے ہیں۔ دوستوں میں کوئی اور نام، گھر میں کچھ اور دفتر میں کچھ اور نام ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں صرف اصل نام جو کہ حقیقی ہو لینا چاہیے۔ عرفیت وغیرہ کو لینے کی ضرورت نہیں۔ عرفیت اور ذات کو نام کی جگہ استعمال کرنا غلط ہے۔ عرفیت کا گو اثر ضرور ہوتا ہے۔ تاہم نام کے اثرات زیادہ قوی اور اہم ہوتے ہیں۔ جہاں تک ذات کا تعلق ہے تو اس کا استعمال بھی نام کا نعم البدل نہیں ہو سکتا۔ ذات ایک پوری برادری کی خصوصیات کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ فرد واحد کی خصوصیات سے اس کا جزوی تعلق ہوتا ہے۔

سطر حرفی :

سطر یا سطر حرفی سے مراد سوال اور اس کے دیگر امور کو

علیحدہ علیحدہ حروف کی شکل میں تحریر کرنا ہے۔ جیسے کہ اکبر ایک نام ہے۔ اس کے تمام حروف کا الگ الگ لکھنا اس کی بسط حرفی کہلائے گی۔ جو کہ درج ذیل ہے:۔

ا ک ب ر

اسی طرح ایک سوال ہے :۔

"کیا عارف کی شادی ناصرہ سے ہو جائے گی؟"

اس کی بسط حرفی یوں ہو گی :۔

"ک ی ا ع ا ر ف ک ی ش ا د ی ن ا
ص ر ہ س ے ھ و ج ا ے گ ی"

بالکل اسی طرح سے آپ نے بسط حرفی معلوم کرنا ہے۔

ملخص :

وہ حروف جو کسی سطر میں بانکرار ہوں ان کو کاٹ دینا اور باقی کو قائم رکھنا۔ مثلاً ایک سطر ہے۔

م ل ا ب ب ج ا م ن و ا

مندرجہ بالا سطر میں جو حروف تکرار کر رہے ہیں۔ ان کو کاٹ کر باقی لکھ لیں:۔

م ل ا ب ج ن و

بس یہ ملخص کرنا کہلاتا ہے۔

ربع :

لفظی طور پر ربع سے مراد چوتھا یا 1/4 لیا جاتا ہے۔ تاہم

زیرِ غور قاعدہ کے لحاظ سے ربع درج ذیل دی ہوئی ایک ایسی شکل ہے جو حتمی طور پر چار کالموں اور جزوی طور پر چار سطور پر مشتمل ہے۔ تاہم سطور کی حقیقی مقدار تعین شدہ نہ ہے۔ حسب ضرورت یہ بڑھ یا گھٹ سکتی ہے۔ ربع کی شکل یوں ہوگی۔

۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

مندرجہ بالا ربع کے خانوں میں دیئے گئے نمبر اس ترتیب کو ظاہر کر رہے ہیں۔ جس ترتیب سے سوال کی بسط حرفی کرکے ہم نے اس میں حروف کو تحریر کرنا ہے۔ خیال رہے یہ ربع دائیں بائیں اور اوپر کی طرف بڑھ نہیں سکتا۔ البتہ بوقت ضرورت اس کو نیچے کی طرف بڑھایا جا سکتا ہے۔ نیچے کی طرف بڑھانے کی کوئی قید نہیں ہے۔ سوال کی مناسبت سے جس قدر ضرورت ہو بڑھاتے چلے جائیں۔ جیسا کہ ذیل میں نیچے کی طرف بڑھایا گیا ہے۔

۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۱۴	۱۵	۱۶

۲۰	۱۹	۱۸	۱۷
۲۴	۲۳	۲۲	۲۱
۲۸	۲۷	۲۶	۲۵

تکسیر قطبی / صدر موخر :

بسط حرفی سے حاصل کردہ حروف سے سطر قائم کرنے کے بع
بائیں طرف کا ایک حرف اور دائیں طرف کا ایک حرف لے
گردش دینا صدر موخر کہلاتا ہے۔ اس ہی کا نام تکسیر قطبی ہے۔

ا ب ج د

د ا ج ب

ب د ج ا

ا ب ج د

نقاط :

سوال وغیرہ کی بسط حرفی کریں۔ اس میں جن حروف کے
نقاط ہیں۔ ان کے تمام نقاط گن لیں۔ جو عدد آئے اس کو حروف
سے تبدیل کرلیں اور بسط سوال کے آخر میں ان حروف کو تحر
کردیں۔ مثلاً درج ذیل سطر کو دیکھیں۔

ل ب ا ج د س

اس سطر میں تین نکات ہیں جن کا حرف ہمیں "ج" حاصل
ہوا۔ بس اس حرف کو بسط سوال کے آخر میں تحریر کریں۔

منصوب :

منصوب سے مراد کسی سطر کو دائیں طرف سے پڑھنا یا لکھنا یا عمل کرنا ہے۔

عمق :

سطور کا اوپر سے نیچے کی طرف بڑھنا' لکھنا' پھیلانا یا عمل کرنا عمق کہلاتا ہے۔ مثلاً درج ذیل تکسیر کو دیکھیں۔

ا ب ج د
د ا ج ب
ب د ج ا
ا ب ج د

مندرجہ بالا سطور کا تیر کے نشان کی طرف پڑھنا یعنی "ادب ا" عمق کہلاتا ہے۔

ابجد ملفوظی :

ابجد کے تمام حروف کی عددی قیمت 5995 ہے اور یہ تمام حروف مکتوبی کہلاتے ہیں لیکن جب کسی حرف کو اس طرح لکھیں۔ جس طرح وہ بولنے میں آتا اور آواز دیتا ہے تو ایسے حروف کو حروف ملفوظی کہتے ہیں۔ 28 مکتوبی حروف کے 28 ہی ملفوظی الفاظ بھی ہیں۔

بطور مثال دیکھیں حرف "ا" کو جب ہم بولتے ہیں تو اس کا تلفظ یوں ہوتا ہے۔ "الف" اور یہ ہی دراصل ملفوظی کہلاتا ہے"

اور اس ہی کو حروف ملفوظی بنانا کہتے ہیں۔ ذیل میں ابجد ملفوظی کو بیان کیا گیا ہے :-

ابجد ملفوظی

الف	با	جیم	دال	ها	واؤ	زا	حا
۱۱۱	۳	۵۳	۳۵	۶	۱۳	۸	۹
طا	یا	کاف	لام	میم	نون	سین	عین
۱۰	۱۱	۱۰۱	۷۱	۹۰	۱۰۶	۱۲۰	۱۳۰
فا	صاد	قاف	را	شین	تا	ثا	خا
۸۱	۹۵	۱۸۱	۲۰۱	۳۶۰	۴۰۱	۵۰۱	۶۰۱
ذال	ضاد	ظا	غین				
۷۳۱	۸۰۵	۹۰۱	۱۰۶۱				

استخراج طالع و حاکم طالع

طالع :

پہلے یہ سمجھ لیں طالع سے مراد کیا ہے؟ جس وقت کوئی سائل جفار سے سوال پوچھتا ہے اس خاص وقت آسمان پر جو برج طلوع ہو رہا ہے۔ اس کو طالع یا طالع برج یا وقتی زائچہ وغیرہ کے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔

حاکم طالع :

طالع برج کا مالک کوکب' حاکم طالع کہلاتا ہے۔ جیسے کہ طالع

برج حمل ہو تو اس کا حاکم طالع' مریخ ہو گا۔ تمام بروج اور ان کے حاکموں کا بیان جدول نمبر 5 میں ہے۔

استخراج طالع :

طالع کا استخراج کرنے کے لئے ہمیں مندرجہ ذیل امور معلوم ہونے چاہیں :-

1۔ وقت سوال
2۔ تاریخ
